NYC Department of Education

# طالبِ علم کے میٹرو کارڈ کا عمومی جائزہ

## ایک طالبِ علم کے میٹرو کارڈ کا استعمال کرتے وقت آپ کو مندرجہ ذیل حقوق حاصل ہیں

- اگر کارڈ کھو جاتا ہے، اس کو نقصان پہنچتا ہے یا چوری ہو جاتا ہے تو ایک مفت متبادل میٹرو کارڈ
- اسکول کی منظور کردہ سرگرمیوں کے لیے؛ درخواست کرنے پر دو جانب کے اضافی سفر کرنے کا ایک میٹرو کارڈ
- جب اسکول کھلا ہوا ہو تو ہر ایک دن طالبِ علم کے میٹرو کارڈ کو تین مرتبہ سفر کرنے اور تین تبادلوں (ٹرانسفر)؛ بس سے سب وے، ایک بس سے ایک اور بس میں، یا سب وے سے بس میں مفت ٹرانسفر کے لیے استعمال کریں
- میٹرو کارڈ کے مناسب استعمال کے لیے یا عوامی ذرائع نقل و حمل کو استعمال کرنے کی رہنمائی کے لیے اسکول کے عملے کی جانب سے مدد

## دستیاب طالبِ علم میٹرو کارڈ کی اقسام

طالبِ علم کے مکمل کرائے کے میٹرو کارڈز طلبا کو اسکول اور اسکول کی متعلقہ سرگرمیوں میں بس یا سب وے کے ذریعے مفت آنے اور جانے کی اجازت دیتے ہیں؛ مزید معلومات کے لیے نقل و حمل کی اہلیت کے صفحے پر جائیں: .https://www.schools.nyc.gov/school-life/transportation/bus-eligibility

جن طلبا کے اسکول کا ایک طرف کا سفر ایک سے زائد ٹرانسفر کا تقاضا کرتا ہے ان کے لیے چار مرتبہ سفر کرنے کا ایک خاص میٹرو کارڈ؛ آپ کے لیے اس قسم کے میٹرو کارڈ کی درخواست اسکول سے کرنا لازمی ہے۔

توسیعی خدمات اور اسکول کے منظور کردہ پروگراموں یا سرگرمیوں کے لیے دیگر قسم کے میٹرو کارڈ مخصوص صورتِ حال میں دستیاب ہو سکتے ہیں اور ان کو محکمئہ تعلیم یا آپ کے اسکول کے ذریعے منظور کیا جانا ضروری ہے۔

## اسکول کی منظور کردہ سرگرمیاں کیا ہیں؟

اسکول کی منظور کردہ سرگرمیاں ذیل ہو سکتی ہیں لیکن انہی تک محدود نہیں ہیں؛ نجی تدریس، ریجنٹس کی تیاری اور کالج ناؤ کلاسوں جیسے تعلیمی پروگرام، سنیچر کو تعلیمی پروگرام، اور اجتمائی خدمات (کمیونٹی سروس)۔ اسکول کے پرنسپل حضرات یہ فیصلہ کرتے ہیں کہ کونسی سرگرمیوں کو "اسکول - متعلقہ" یا "اسکول سے منظور کردہ" سمجھا جاتا ہے۔ اس کے بعد آپ کا اسکول ان سرگرمیوں کے لیے میٹرو کارڈز فراہم کرنے کے قابل ہوتا ہے کیونکہ اسکول ان سرگرمیوں کے لیے ذمہ دار ہوتا ہے، اگرچہ یہ سرگرمیاں طبیعی طور پر کمرہ جماعت سے اور اسکول کی عمارت کے وقوع سے باہر ہوتی ہیں۔

## اس صورت میں کیا ہو گا اگر آپکو ایک طالبِ علم میٹرو کارڈ دینے سے انکار کر دیا جاتا ہے

اگر آپ کے اسکول کی جانب سے آپ کے میٹرو کارڈ کی درخواست کو مسترد کردیا جاتا ہے تو آپ دفتر برائے طالبانہ نقل و حمل (OPT) صارفین کی خدمات سے 8855-392-(718) پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ براہِ کرم صارفین خدمات کے ایجنٹ کو بتائیں کہ آپ کو ایک میٹرو کارڈ دینے سے انکار کر دیا گیا ہے اور ایک انسیڈینٹ نمبر حاصل کریں۔

## اگر آپ کے سوالات ہیں

براہ کرم مزید معلومات کے لیے اپنے اسکول سے رابطہ کریں۔

## طالبِ علم کے میٹرو کارڈ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے

https://www.schools.nyc.gov/school-life/transportation/metro-cards